# تدریب النحو

درجہ اولی کے طلبہ کے لیے
علم النحو کی تمرین پر مشتمل مفید کتاب جو
ان شاءاللہ مطلوبہ استعداد کے حصول میں معاون ومفید ثابت ہوگی۔

ناشر
مجلس دعوت وتحقیق اسلامی
جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

کتاب کا نام..................تدریب النحو

ترتیب..................اساتذہ جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

سن طباعت..................رمضان ۱۴۳۵ھ مطابق جولائی ۲۰۱۴ء

ناشر..................مجلس دعوت وتحقیق اسلامی

ملنے کا پتہ..................مکتبہ بینات جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

021-34913570-34123366-

# فہرست مضامین

# پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**الحمد للہ رب العلمین والصّلوۃ والسلام علی سیّد المرسلین وعلی الہ وصحبہ أجعمین، أمابعد.**

اسلام اورعربی زبان کا باہمی محکم رشتہ محتاج بیان نہیں، اسلام کا بنیادی پیغام ''قرآن کریم'' عربی زبان میں ہے اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات وارشادات کا عظیم الشان ذخیرہ احادیث مبارکہ بھی عربی میں ہے۔

اسی طرح عربی علوم سیکھنے اور پڑھنے کے لیے صرف ونحو کی ضرورت واہمیت بھی بیان کی محتاج نہیں، لہٰذا دیگر عربی علوم کی تحصیل سے قبل بقدر ضرورت صرف ونحو کی تعلیم بہت ضروری ہے، تاکہ طلباء کو قرآن وحدیث کے سمجھنے اور علوم عالیہ اور علمی ماٰخذ ومراجع سے استفادہ کرنے میں سہولت وآسانی ہو۔

دینی مدارس میں درس نظامی کے نصاب میں مبتدی طلباء کو صرف ونحو کے موضوع پر مختلف کتابیں پڑھانے کا معمول چلا آرہا ہے، ان کتب کے انتخاب میں مبتدی طلباء کی ذہنی صلاحیت اور استعداد کو بہرحال مدنظر رکھا جاتا رہا ہے، یہی وجہ ہے کہ صرف ونحو کے نصاب میں حسب موقع ردوبدل بھی ہوتا رہا، جس میں بنیادی سوچ اور فکر یہ رہی کہ صرف ونحو کی تعلیم کے لئے جو بھی کتاب اپنے اسلوب، حسن تعبیر اور زبان وبیان کے اعتبار سے استفادہ کرنے میں آسان محسوس ہوئی، اس کو بطور نصاب تجویز کرلیا گیا اور ایک عرصہ تک وہ کتاب زیر درس رہی۔

ذوالقعدۃ ۱۴۲۶ھ کو جامعہ کی مجلس تعلیمی نے جامعہ اور شاخہائے جامعہ کے درس نظامی کی تدریس سے وابستہ تمام مدرسین اور اساتذہ کو جمع کرکے دوروزہ ''مجلس محاضرہ'' کا انعقاد کیا، جس میں جامعہ کے اساتذہ کرام نے تفسیر، حدیث، اصولِ حدیث، فقہ، اصول فقہ، منطق، فلسفہ، بلاغت اور صرف ونحو کے طریقۂ تدریس اور طرز تعلیم کی مزید بہتری وافادیت کے لئے اپنے گراں قدر تجربات کا نچوڑ پیش کرتے ہوئے مفید تجاویز دیں۔

صرف ونحو کے محاضرہ میں یہ پہلو بھی سامنے آیا کہ ہمارے ہاں صرف ونحو پڑھانے کے لئے جو کتابیں نصاب میں

شامل ہیں، وہ تقریباً فارسی زبان میں ہیں جبکہ فارسی زبان فی زمانہ ابتدائی طلباء کے لئے انتہائی مشکل ہے، خصوصاً درجہ متوسطہ پڑھے بغیر براہ راست درجہ اولیٰ میں داخل ہونے والے طلبہ تو اس سے بالکل ہی ناواقف ہوتے ہیں جبکہ ایسے ہی طلبہ کی تعداد نسبتاً زیادہ ہوتی ہے، جس کی وجہ سے ایسے طلبہ پر دوہرا بوجھ پڑتا ہے، یعنی ایک طرف نامانوس زبان کا بوجھ اور دوسری طرف فن کا بوجھ، نتیجتاً فن پر مطلوبہ محنت تقسیم ہو جاتی ہے جس کی بناء پر فن میں مطلوبہ استعداد اور مہارت پیدا نہیں ہو پاتی۔

اس مشکل کے حل کے لئے صرف ونحو پڑھانے والے اساتذہ نے اپنے تجربات کی روشنی میں اس بات پر زور دیا کہ صرف ونحو کے موضوع پر اردو زبان میں ایسا درسی مواد ترتیب دیا جائے جو زبان وبیان میں انتہائی آسان ہو، تعبیر واسلوب میں سہل ترین ہونے کے علاوہ مروجہ زیر درس کتابوں کی خصوصیات کا حامل بھی ہو، چنانچہ ان اہداف کو مدنظر رکھتے ہوئے "علم نحو" کے موضوع پر ایک کتاب "تعلیم النحو" کے نام سے مرتب کی گئی، جس میں علم نحو کی ضروری اصطلاحات اور قواعد کے علاوہ ہر بحث سے متعلق تمرینات کا اہتمام بھی کیا گیا، البتہ کتاب کا حجم کم رکھنے کے لئے تمارین کا حصہ الگ رکھا گیا جس کو "تدریب النحو" کے نام سے آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

جامعہ کی مجلس تعلیمی نے "تدریب النحو" کی اس کتاب کو ایک سال تک آزمائشی نصاب کے طور پر جامعہ وشاخہائے جامعہ میں درجہ اولیٰ کے طلبہ کے لیے منظور کیا تھا، اس دوران یہ کتاب اس فن کے پڑھانے والے کئی اساتذہ کرام کی تصحیحات وترمیمات سے بھی گزری، پھر سال کے آخر میں جامعہ کے اساتذہ کی ایک کمیٹی نے مشاورت کے بعد مدرسین اور دیگر اہل علم کی تجاویز کی روشنی میں اس میں مفید تبدیلیاں کیں، بعض ایسی تبدیلیاں بھی کی گئیں ہیں جو ہمارے یہاں ہندو پاک کی مروجہ درسی کتب سے مختلف ہیں، لیکن یہ تبدیلیاں قدیم اور معتبر کتب کے بالکل موافق ہیں، دوران تالیف ہر مسئلے میں علم نحو کے مستند اور معتبر مراجع ومصادر پیش نظر رہے۔

"علم نحو" پڑھانے والے اساتذہ یا فن صرف سے فاضلانہ مناسبت رکھنے والے اہل علم کی مفید تجاویز ومشوروں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا، نیز کتابت یا کسی بھی قسم کی فنی اصلاح کی طرف متوجہ کرنے والے اساتذہ کرام اور طلباء عظام کا شکریہ ادا کیا جائے گا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس محنت اور سعی کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اسے علوم دینیہ پڑھنے والے طلبہ کی استعداد بہتر بنانے کا ذریعہ بنائے۔ آمین!

سلیمان یوسف بنوری

نائب رئیس جامعہ

# ہدایات برائے مدرسین

تمرین و مشق ہر فن کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، خصوصاً ابتدائی طلبہ کو جب تک تمرین نہ کرائی جائے، اس وقت تک ان کی سمجھ میں بات نہیں آ سکتی، لہذا اسی ضرورت کو مدّ نظر رکھتے ہوئے تمرین کے لئے ایک مستقل کتاب ترتیب دی گئی تاکہ تمرین کے خاطر خواہ ثمرات ونتائج حاصل ہوں، تمرین کرانے والے اساتذہ کے لئے مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا اور کرانا بے حد ضروری ہے:

۱- استاذ کی ذمہ داری: تدریب النحو کے استاذ کی ذمہ داری ہے کہ وہ تمرین میں دیئے گئے مختلف امثلہ طلبہ ہی سے حل کروائیں، خود بالکل نہ بتائیں، اور تمرین کا سارا کام طالب علم سے لیا جائے، البتہ بوقت ضرورت استاذ صاحب راہنمائی فرمائیں اور غلطیوں کی نشاندہی اور اصلاح کریں، طالب علم سے مثالیں علی وجہ البصیرت حل کروائے جائیں، ایسا نہ ہو کہ طالب علم کہیں سے رٹ کر استاذ کو سنا دے، بلکہ استاذ دیکھے کہ طالب علم سمجھتا بھی ہے کہ نہیں اور اس کی تربیت دی جائے کہ ہر طالب علم اپنی ذہانت اور استعداد سے مثالوں کو حل کرے، کسی اور کی مدد نہ لے، الّا یہ کہ خود عاجز ہو جائے تو پھر استاذ سے پوچھ لے۔

۲- بورڈ کا استعمال: استاذ صاحب خود بھی بورڈ کا استعمال کرے، طالب علم سے بھی اس کا استعمال کرائے، جس کا طریقہ یہ ہو کہ مثال یا آیت بورڈ پر لکھی جائے اور پھر بورڈ ہی پر طالب علم سے حل کروایا جائے، تاکہ معقول چیز محسوس ہو کر اقرب الی الفہم ہو جائے۔

۳- تمرین کے لیے ہر طالب علم کے پاس کاپی ہو، جس میں مثالیں حل کیے جائیں اور بوقت ضرورت طالب علم اس کی طرف رجوع کر سکے، استاذ اس بات کی بھی نگرانی کرے کہ ہر طالب علم اپنا کام خود کرے، کسی دوسرے سے نقل نہ کرے۔

۴- استاذ محترم صرف موجودہ تمارین پر اکتفا نہ کرے، بلکہ بوقت ضرورت مزید آیات اور امثلہ کا اجراء بھی کرائے، تاکہ طالب علم کو بحث کی علی وجہ البصیرت سمجھ سکے۔

۵- ''تدریب النحو'' میں اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ مصنوعی مثالوں کے علاوہ قرآن آیات سے بھی تمرین کا اہتمام ہو تاکہ طالب علم ساتھ ساتھ قرآنی آیات کو بھی حل کرتا جائے جو کہ علم النحو کا اصل مقصود ہے۔

۶- مثالیں حل کرانے میں طالب علم سے وہی بات پوچھی جائے جو اس نے "تعلیم النحو" میں پڑھی ہے، مثلاً: ابھی طالب علم نے صرف معرب کے قواعد پڑھے ہیں، تو انہی کا اجراء کروایا جائے مبنی کی مباحث کو ابھی نہ چھیڑا جائے۔

۷- طالب علم کو مثالوں کے حل کروانے کا ایسا ذوق وشوق دلایا جائے کہ جب بھی طالب علم کے سامنے کوئی لفظ آ جائے تو خود بخود غیر اختیاری طور پر اس کا ذہن اس کے حل کرنے میں مشغول ہو جائے اور وہ مشکل سے مشکل مثال بھی با آسانی خود حل کر سکے، اس طرح مثالوں کے حل کے ساتھ ساتھ نحو کے قواعد بھی طالب علم کو خوب یاد رہیں گے۔

۸- استاذ صاحب سے اس بات کا بھی اہتمام کریں کہ بعد کی تمارین میں گذشتہ پڑھے ہوئے اسباق کے متعلق وقتاً فوقتاً سوالات کریں تاکہ طلبہ کو سابقہ اسباق بھی یاد رہیں۔

۹- استاذ صاحب سے گذارش ہے کہ مثالوں کے حل میں مستند کتب کی طرف مراجعت فرمائیں اور علم النحو کے مسلمہ قواعد کی روشنی میں مناسب حل نکالیں۔

۱۰- تدریب کا مقصد طالب علم کی علمی استعداد میں رسوخ اور کمال پیدا کرنا ہے، اس لیے طلبہ کو محنت کا موقع دینے کی بجائے پہلے سے مثالوں کا حل پیش کر دینا یا شروحات شائع کر دینا، طلبہ کی استعداد بننے میں بہت بڑی رکاوٹ اور علمی انحطاط کا سبب ہے، ایسے لوگ طلبا کے قطعاً خیر خواہ نہیں، بلکہ طلبہ کے ساتھ سراسر ظلم و ناانصافی کرنے والے شمار ہوں گے۔

لہٰذا تمام حضرات خصوصاً کتب ناشرین سے گذارش ہے کہ "تدریب النحو" کے تماریں کا حل ہرگز ہرگز شائع نہ کریں بلکہ تدریب النحو پڑھانے والے اساتذۂ کرام بھی ایسی تمام کاپیوں اور مسودوں کی ترویج کی سخت حوصلہ شکنی کریں جو کسی بھی صورت میں تدریب النحو کی شرح بن سکتی ہوں اور مطلوبہ محنت کے حصول میں حائل بن رہی ہوں۔

# اسم، فعل اور حرف کی تمرین

۱- ذیل میں دیے گئے الفاظ میں علامات سے اسم، فعل اور حرف کی پہچان کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَجُلانِ | اَلإِسْلَامُ | مُحَمَّدٌ | مُسْلِمُونَ |
| اَلْكَعْبَةُ | يُكْرِمُ | مِصْرِيٌّ | اَلاَطْفَالُ |
| حَمْرَاءُ | اَلصَّلٰوةُ | كَلَّا | فَرْضٌ |
| عَلٰى | سوفَ | اِنْ | فِي |
| سَمِعْتُمْ | وَاجِبٌ | ضُرُبِى | اَلنَّهَارُ |
| نَصَرْنَ | رَجُلٌ عالِمٌ | قَدْ | نَصَرْتُمْ |
| رَسُوْلٌ | يُصَلِّيْ | مَعْبُوْدٌ | تَنْصُرِيْنَ |
| رَأْسٌ | عَيْنٌ | اَللَّيْلُ | لايَدْخُلُ |
| عُثْمَانُ | عَائِشَةُ | اِبْرَاهِيْمُ | يَصِحُّ |
| الفَوَاكِهُ | مِنْ | لم يُصَلِّ | فاطِمَةُ |
| ذَهَبَ | اِفْتَحْ | لا تَكْتُبْ | قَدْ اَفْلَحَ |
| هاشِمِيٌّ | المَاءُ | هَلْ | |

فائدہ: تعلیم النحو میں اسم اور فعل کی مشہور علامات ذکر کی گئی ہیں، یہاں بعض دیگر علامات بھی لکھی جارہی ہیں تا کہ اسم اور فعل کی پہچان آسان ہو جائے

**علامات اسم:**

۱۔کلمہ کا تثنیہ ہونا ۲۔کلمہ کا جمع ہونا ۳۔کلمہ کا موصوف ہونا ۴۔کلمہ کا علم ہونا ۵۔کلمہ کا منسوب ہونا
۶۔کلمہ کے آخر میں الف مقصورہ ہونا ۷۔کلمہ کے آخر میں الف ممدودہ ہونا (الف مقصورہ اور ممدودہ کی تعریفات تعلیم النحو صفحہ ۲۱ پر ہیں)

**علامات فعل:**

کلمہ کے آخر میں بغیر عامل کے فتحہ ہونا کلمہ کے فعل ہونے کی علامت ہے جیسے ضربَ

**۲-ذیل میں دی گئی قرآنی آیات میں علامات سے اسم، فعل اور حرف کی پہچان کریں۔**

﴿سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ﴾ ........... ﴿جَزَاءً مِنْ رَّبِّكَ عَطَاءً حِسَابًا﴾

﴿وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ﴾ ........... ﴿لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَلَا كِذّٰبًا﴾

﴿اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ﴾

﴿اِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ☆ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ☆﴾

﴿اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ﴾

﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ☆ مَلِكِ النَّاسِ ☆ اِلٰهِ النَّاسِ ☆﴾

﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ☆ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ☆ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ☆﴾

﴿يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِنَفْسٍ شَيْئًا وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِلّٰهِ﴾

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ☆ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ☆ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ☆﴾

﴿وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ﴾

﴿ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ﴾

# واحد، تثنیہ اور جمع کی تمرین

۱-مندرجہ ذیل الفاظ میں واحد تثنیہ اور جمع کی نشاندہی کریں، نیز جمع ہونے کی صورت میں یہ وضاحت کریں کہ جمع مکسر ہے یا سالم، جمع قلت ہے یا جمع کثرت، جمع منتہی الجموع ہے یا غیر منتہی الجموع؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَبٌّ | حَدَائِقُ | اَلأخْيَارُ | كُتُبٌ |
| مُسْلِمَاتٌ | اَلصَّادِقِيْنَ | اَلأعْلَوْنَ | مَسْجِدَانِ |
| اَلْمُسْلِمُوْنَ | مَنَازِلُ | شُمُوْسٌ | قُبُوْرٌ |
| مَنَارَتَانِ | غُرَفٌ | اَبْيَاتٌ | اَلصَّالِحَاتُ |
| غُرْفَتَانِ | قَلَمٌ | طَرِيْقٌ | اَلتَّلَامِيْذُ |
| غِلْمَةٌ | اَذْرُعٌ | اَثْوَابٌ | مَرْضىٰ |
| كَأْسٌ | قَوَاعِدُ | اَلْخُلَفَاءُ | نَافِذَتَانِ |
| مُسْلِمَيْنِ | اَلثَّوَابِتُ | اَلأصَابِعُ | المُصَلِّيْنَ |
| اَنْبِيَاءُ | عَيْنَانِ | حَافِظُوْنَ | مَسَاجِدُ |
| لَيَالٍ | أيَّامٌ | نَائِمَاتٌ | اَلْكِتَابُ |
| قُلُوْبٌ | اَلرُّعُبُ | بُيُوْتٌ | تِلْمِيْذَاتٌ |
| اَبْوَابٌ | مُسْلِمِيْنَ | اَقْلَامٌ | رِقَابٌ |
| سُوْدٌ | اَلصَّائِمُوْنَ | اَلأمْصَارُ | اَلطَّالِبَاتُ |
| اَلشُّعَرَاءُ | اَتْرَاباً | سُجَّدٌ | بَرَرَةٌ |
| غِلْمَانٌ | عِلَلٌ | حُمُرٌ | |

۲-مندرجہ ذیل آیات میں واحد تثنیہ اور جمع کی نشاندہی کریں، نیز جمع ہونے کی صورت میں یہ وضاحت کریں کہ جمع مکسر ہے یا سالم، جمع قلت ہے یا جمع کثرت، جمع منتہی الجموع ہے یا غیر منتہی الجموع؟

﴿وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِن رِّجَالِكُم﴾
﴿هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ﴾
﴿لَمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى﴾
﴿رِجَالٌ لَاتُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ﴾
﴿تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهَارُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا﴾
﴿وَعِنْدَه مَفَاتِحُ الغَيْبِ﴾
﴿سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ﴾
﴿فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ﴾
﴿وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ﴾
﴿فِيْهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ﴾
﴿غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِم وَلَا الضَّالِّيْنَ﴾
﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾
﴿أُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾
﴿اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِىْ نَعِيْمٍ﴾
﴿لَهُمْ اَعْيُنٌ لَايُبْصِرُوْنَ بِهَا﴾
﴿اِنَّهُمْ عِبَادٌ مُكْرَمُوْنَ﴾
﴿وَاَمْدَدْنَاكُم بِأَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ﴾
﴿اَسْبَابَ السَّمٰوَاتِ﴾
﴿اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ﴾
﴿وَالنّٰزِعَاتِ غَرْقًا﴾
﴿اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ آمَنُوْا بِرَبِّهِمْ﴾
﴿اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِىْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ﴾
﴿فِيْهَا سُرُرٌ مَرْفُوْعَةٌ وَاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ﴾
﴿وَجَاءَ السَّحَرَةُ﴾
﴿وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ﴾
﴿هَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ﴾

# مذکّر اور مؤنّث کی تمرین

ا۔مندرجہ ذیل مفردات میں مذکر اور مؤنث کی نشاندہی کریں، نیز مؤنث کی قسمیں بھی متعین کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| هِنْدٌ | دارٌ | مِصْرُ | حَائِضٌ |
| صَفِيَّةُ | لَيْلَةٌ | رِيْحٌ | اَلْحَمْرَاءُ |
| نَمْلٌ | حُجْرَةٌ | ذِرَاعٌ | حَبَّةٌ |
| بِئْرٌ | كَأْسٌ | شَفَةٌ | لَبَنٌ |
| تُرَابٌ | وَرْدَةٌ | نَعْلٌ | الكَرِيْمَةُ |
| أُذُنٌ | طَلْحٌ | آسِيَةٌ | قَوْسٌ |
| جَارِيَةٌ | فَأْسٌ | العَصَا | أُمٌّ |
| اَلدُّنْيَا | دِرْعٌ | حَدِيْدٌ | صَفْرَاءُ |
| حُبْلٰى | قُرْآنٌ | اَرْضٌ | نَفْسٌ |
| طَائِرَةٌ | قَلَنْسُوَةٌ | خَلِيْفَةٌ | عَيْنٌ |
| فُلْكٌ | لَيْلٰى | قِطَّةٌ | مَرْيَمُ |
| سَفِيْنَةٌ | شِهَابٌ | حَامِلٌ | حَرْبٌ |
| مِصْبَاحٌ | | | |

---

**فائدہ:** درج ذیل قسم کے اسماء عربی میں مؤنث استعمال ہوتے ہیں

ا۔انسان کے ان اعضاء کے نام جو دو، دو ہیں ۲۔عورتوں کے نام ۳۔دوزخ کے نام ۴۔شراب کے نام

۵۔ہواؤں کے نام ۶۔سورج کے نام ۷۔عورتوں کی مخصوص صفات

**مشہور مؤنثات سماعیہ:** بِئْرٌ ذِرَاعٌ نَعْلٌ قَوْسٌ اَرْضٌ نَفْسٌ فَأْسٌ حَرْبٌ

كَأْسٌ دِرْعٌ عَيْنٌ فَلَكٌ اَلْعَصَا رِيْحٌ دَارٌ

۲-مندرجہ ذیل آیات میں مذکر اور مؤنث کی نشاندہی کریں، نیز مؤنث کی قسمیں بھی متعین کریں۔

﴿خَلَقَ الأرْضَ فِیْ یَوْمَیْنِ﴾

﴿وَاضْمُمْ یَدَكَ إلی جَنَاحِكَ﴾

﴿وَاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ سِكِّیْنًا﴾

﴿إذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ﴾

﴿یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ﴾

﴿قُلْ هٰذِهٖ سَبِیْلِیْ﴾

﴿وَمَاتَدْرِیْ نَفْسٌ بِأیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ﴾

﴿حَتّٰی تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا﴾

﴿إنَّ الدَّارَ الاٰخِرَةَ لَهِیَ الْحَیَوَانُ﴾

﴿اُدْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ﴾

﴿كُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾

﴿بَلْدَةٌ طَیِّبَةٌ وَرَبٌّ غَفُوْرٌ﴾

﴿اِتَّقُوْا النَّارَ الَّتِیْ اُعِدَّتْ لِلْكَافِرِیْنَ﴾

﴿وَاتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْئًا﴾

﴿تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا﴾

## معرفہ اور نکرہ کی تمرین

۱۔مندرجہ ذیل مفردات میں کون سا کلمہ معرفہ ہے اور کونسا نکرہ؟ نیز معرفہ ہونے کی صورت میں یہ وضاحت کریں کہ معرفہ کی کونسی قسم ہے؟(۱)

| | | | |
|---|---|---|---|
| غُرَابٌ | يَثْرِبُ | كَرَاتَشِى | عَبِيْدِىْ |
| اِنْسَانٌ | جِبْرِيْلُ | اِسْحَاقُ | عَبْدُ اللّٰهِ |
| تُرَابٌ | أنْتَ | عُمَرُ | يَا طَالِبُ |
| الغُرْفَةُ | اسمٰعِيلُ | كُرَّاسَةٌ | نِعْمَةٌ |
| أنَا | يُوْسُفُ | هٰذَا | الشَّمْسُ |
| اَكْبَرُ | قَلَمٌ | هُوَ | الَّذِىْ |
| اَىُّ رَجُلٍ | كِتَابُ بَكْرٍ | هَيَا طَالِبُ | |

۲-مندرجہ ذیل آیات مبارکہ میں کون سا کلمہ معرفہ ہے اور کون سا نکرہ؟ نیز معرفہ ہونے کی صورت میں یہ وضاحت کریں کہ معرفہ کی کونسی قسم ہے؟

﴿خُلِقَ الاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ﴾ ﴿اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَا اَخِىْ﴾

﴿لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ﴾ ﴿وَهُوَ الَّذِىْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ﴾

﴿اِنَّ الَّذِىْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ﴾

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ☆ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ☆مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾

﴿خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ﴾

﴿يَا اَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ﴾

﴿اِنَّ اللّٰهَ لَايَسْتَحْيِىٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا﴾

﴿اَهٰذَا الَّذِىْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كَافِرُوْنَ﴾

---

(۱)ضمیر،اسم اشارہ اور اسم موصول کی تمرین انشاءاللہ مبنیات میں آئے گی۔

# اسم معرب کی تمرین (۱)

۱۔مندرجہ ذیل مفردات میں مفرد منصرف صحیح ،مفرد منصرف جاری مجری صحیح ،جمع مکسر منصرف صحیح اور جمع مؤنث سالم کی پہچان کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| هُودٌ . | فَرَسٌ . | المُؤمِنَاتُ. | بُيُوتٌ . |
| اَوزَارٌ . | رَمْيٌ . | القَانِتَاتُ . | اَخبَارٌ . |
| دَلْوٌ. | خَالِدٌ . | غَزْوٌ . | الحَافِظَاتُ . |
| ثَيِّبَاتٌ . | عِنَبٌ . | اَلسَّابِحَاتُ . | كُتُبٌ . |
| اَكْوَابٌ . | اَلْمُتَصَدِّقَاتُ . | صُدُورٌ . | فَرِيقٌ . |
| اَبوَابٌ . | عَوْنٌ . | اَلبَابُ . | اَعْوَانٌ . |
| نَبِيٌّ . | اَنبَاءٌ . | كِرَامٌ . | اَسْوَاقٌ . |
| عَدُوٌّ. | النَّاشِطَاتُ . | | |

۲۔مندرجہ ذیل آیات میں مفرد منصرف صحیح ،جاری مجری صحیح جمع مکسر منصرف صحیح اور جمع مؤنث سالم کی پہچان کریں۔

﴿سَلامٌ قَولًا مِنْ رَّبٍّ رَّحِيمٍ﴾ ﴿فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ﴾

﴿حَتَّى يَبْلُغَ الهَدْىُ مَحِلَّه﴾ ﴿وَاْتُوا البُيُوتَ مِنْ اَبوَابِها﴾

﴿إنَّ اللّٰهَ وَمَلائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلى النَّبِيِّ﴾ ﴿وَاجعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا﴾

﴿يَتلُوا صُحُفًا مُطَهَّرَةً﴾ ﴿صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ﴾

﴿لا يَسمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَلا كِذَّابًا﴾ ﴿فَالمُدَبِّرَاتِ اَمراً﴾

﴿تَعرِفُ فِىْ وُجُوهِهِمْ نَضرَةَ النَّعِيمِ﴾ ﴿النَّارُ يُعرَضُونَ عَلَيهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا﴾

﴿إنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهىٰ عَنِ الفَحْشَاءِ وَالمُنْكَرِ﴾

# اسم معرب کی تمرین (۲)

۱- مندرجہ ذیل مفردات میں اسماء ستہ، تثنیہ، ملحق بہ تثنیہ، جمع مذکر سالم اور ملحق بہ جمع مذکر سالم کی پہچان کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَبُوكَ | ساحِران | اَخُونا. | الطَّالِبُونَ |
| مُسْلِمِيْنَ | صَاحِبَيْنِ | اِمْرَأتَيْنِ | ذوعِلْمٍ |
| جَنَّتَيْنِ | الرَّجُلانِ | المُجَاهِدُونَ | عِشْرُونَ |
| ذا شَرَفٍ | حَمُوكِ. | ذِی الذِكْرِ | كِلاهُما. |
| ثَلاثونَ | رَجُلَيْنِ | اِثْنَتَان | كِلْتاهما |

۲- مندرجہ ذیل آیات میں اسماء ستہ، تثنیہ، ملحق بہ تثنیہ، جمع مذکر سالم اور ملحق بہ جمع مذکر سالم کی پہچان کریں۔

﴿يَسْئَلُونَكَ عَنْ ذِی الْقَرْنَيْنِ﴾

﴿قَالَ إِنِّیْ أَنَاأَخُوكَ﴾

﴿وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحًا﴾

﴿فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ﴾

﴿جَعَلَ السِّقَايَةَ فِی رَحْلِ أَخِيهِ﴾

﴿جَعَلْنَالأَحَدِهِمَاجَنَّتَيْنِ﴾

﴿مِنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ﴾

﴿نَحْنُ أُوْلُوقُوَّةٍ﴾

﴿وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ﴾

﴿لا تُطِعِ الْكَافِرِيْنَ﴾

﴿لا يَهْدِی الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ﴾

﴿وَاَمْدَدْنا كُم بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ﴾

﴿أُوْلٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾

﴿دَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ﴾

﴿يَخْلُ لَكُمْ وَجْهُ أَبِيكُمْ﴾

﴿وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ﴾

﴿اِنَّه' لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ﴾

﴿نَحْنُ مُسْتَهْزِؤُونَ﴾

﴿رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ ورَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ﴾

﴿اِنْ هٰذانِ لَسَاحِرَانِ﴾

# اسم معرب کی تمرین (۳)

۱-مندرجہ ذیل مفردات میں اسم منقوص، اسم مقصور منصرف، غیر جمع مذکر سالم مضاف بہ یاء متکلم اور جمع مذکر سالم مضاف بہ یاء متکلم کی پہچان کریں۔

الدَّاعِیُ　　المَعْنٰی　　کِتابِی　　مُسْلِمِیَّ　　اَیْدِیُ

قاضِیْکم　　قَلَمِیُ　　بَنِیَّ　　العَصَا　　قاضٍ

عَصًا　　المَعَانِیُ　　اُسْتاذِی　　مُکْرِمِیَّ

۲-مندرجہ ذیل جملوں میں اسم منقوص، اسم مقصور منصرف، غیر جمع مذکر سالم مضاف بہ یاء متکلم اور جمع مذکر سالم مضاف بہ یاء متکلم کی پہچان کریں۔

اَخَذْتُ کِتابِی .　　اَلْمَعَاصِیُ مُهْلِکَةٌ .

جَاءَ مُکْرِمِیَّ .　　اَعْطَیْتُ مُکْرِمِیَّ کِتابًا .

مَأْوَی الْکَافِرِیْنَ جَهَنَّمُ .　　مَأْوَی الْمُسْلِمِیْنَ جَنَّةٌ .

نَادَی الْمُنَادِیُ .　　ذَهَبَ ابْنِیُ .

هُوَ رَاضٍ عَنْكَ .　　هٰذِهِ سَاعَتِیُ .

اَرْسَلْتُ عامِلِیُ اِلَی السُّوقِ .　　هَلْ لَقِیْتَ عامِلِیُ .

حَقِیْبَتِی جَمِیْلَةٌ .　　الْکُرْسِیُّ فِی غُرْفَتِی .

اَنْزَلْنَا عَلَیْکُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰی .　　وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِیُ مُسْتَقِیْمًا .

لا تَأْخُذْ بِلِحْیَتِی وَلا بِرَأْسِی .　　یابَنِیَّ اذْهَبُوا .

اَفَعَصَیْتَ اَمْرِی .　　فَاقْضِ مَا اَنْتَ قَاضٍ .

یا قَوْمَنَا اَجِیْبُوا داعِیَ اللّٰهِ .

# منصرف وغیر منصرف کی تمرین

۱-مندرجہ ذیل مفردات میں منصرف اور غیر منصرف کی پہچان کریں، نیز غیر منصرف ہونے کی صورت میں اسباب منع صرف کی وضاحت بھی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَللّٰهُ | مُحَمَّدٌ | الاسلامُ | نُوحٌ |
| يَعْقُوبُ | اَلْكَعْبَةُ | فَاطِمَةُ | عُمَرُ |
| يُوسُفُ | عِمْرانُ | الاطْفالُ | عَائِشَةُ |
| القُرْآنُ | الصَّلٰوةُ | سَفِيْنَةٌ | الزَّكٰوةُ |
| الصَّومُ | مَرْيَمُ | الحَجُّ | الجِهَادُ |
| يُونُسُ | فَرْضٌ | عُثْمانُ | مُسْتَحَبٌّ |
| سَكْرانُ | وَاجِبٌ | نَفْلٌ | القَلَمُ |
| مَجَالِسُ | اَلْكِتَابُ | رَسُولٌ | مَعْبُودٌ |
| اَلْمَاءُ | بارِدٌ | الطَّبِيْبُ | هَاشِمِيٌّ |
| اَحْمَدُ | مُسْلِمُوْنَ | اَلْفَصْلُ | اَلْمَكْتَبُ |
| الكِتَابُ | اَلْكُرَّاسَةُ | اَكْبَرُ | اِبْرَاهِيْمُ |
| مَسَاجِدُ | بَعْلَبَكَّ | | |

۲-مندرجہ ذیل آیات میں منصرف اور غیر منصرف کی پہچان کریں، نیز غیر منصرف ہونے کی صورت میں اسباب منع صرف کی وضاحت بھی کریں۔

﴿نَحنُ نَقصُّ علیكَ اَحسَنَ القَصَصِ﴾ ﴿اِنّی لَاجِدُ رِیحَ یُوسُفَ﴾

﴿مایَشاءُ مِنْ مَحارِیبَ وَتَماثِیلَ﴾ ﴿قالَ مُوسیٰ لِفَتاہ﴾

﴿ماطابَ لکُم مِنَ النِّسَاءِ مَثنیٰ وَثُلٰثَ ورُباعَ﴾ ﴿اِسمُهٗ اَحمَدُ﴾

﴿وُضِعَ لِلنّاس لَلَّذِی بِبَكَّةَ﴾ ﴿جَعَلَ لَها رَواسِیَ﴾

﴿لاتَتَّخِذِالكافِرِینَ اَولِیآءَ﴾ ﴿اُدخُلوامِصرَ﴾

﴿أَلَیسَ اللّٰه بِأَحكَمِ الحاكِمِینَ﴾ ﴿بَقَرَةٌ صَفرَآءُ﴾

﴿وَزَیَّنّا السَّماءَ الدُّنیَا بِمَصابِیحَ﴾ ﴿وَجآءَ اِخوَةُ یُوسُفَ﴾

﴿اِنَّ اَولَی النَّاسِ بِابرٰاهِیمَ﴾ ﴿وَمَریَمَ ابنَةَعِمرانَ﴾

﴿وقارُون وفِرعَون وهامَان﴾ ﴿ماسَلَكَكُم فی سَقَر﴾

﴿وَإذ قالَ اِبرَاهِیمُ لأبِیهِ اٰذَر﴾ ﴿قَوارِیرَ مِنْ فِضَّةٍ﴾

﴿وَلِلَّذِینَ كَفَرُوا بِرَبِّهِم عَذابُ جَهَنَّمَ﴾ ﴿وحُلُّوا أساوِرَ مِنْ فِضَّةٍ﴾

﴿اُدخُلوا ابوابَ جَهَنَّمَ﴾ ﴿ولَعَذابُ الاٰخِرَةِ اَكبَرُ﴾

﴿وَثَمُود وقَوم لُوط وَاَصحاب الاَیكَةِ﴾ ﴿وإذا خَلَوا اِلیٰ شَیاطِینِهِم﴾

﴿إذْ قالَ لُقمٰنُ لابنِهِ وهُوَ یَعِظُهٗ یٰبُنَیَّ لاتُشرِكْ بِاللّٰهِ﴾

﴿فَبَشَّرناهُ بِاسحاقَ ومِن وَّرآءِ اسحاقَ یَعقُوب﴾

﴿وَالَّذِینَ مَعَه اَشِدّاءُ عَلَی الكُفّارِ رُحَماءُ بَینَهُم﴾

# اسم معرب کی تمرین

۱- مندرجہ ذیل مفردات میں اسم معرب کی چودہ اقسام کی پہچان کریں۔

طعامٌ غزوٌ التَّائِبُ كَأْسٌ

كِرامٌ نُوحٌ يعقُوبُ نَفَلٌ

يُوسُفُ عِمْرانُ الاَطْفَالُ اَيْدِىْ

الصَّلوٰةُ عُثْمانُ اَلْمَعْنٰى الصَّومُ

الحَجُّ قاضٍ يُونُسُ عَدُوٌّ

سَكْرانُ اُمَّهاتٌ مُعَلِّمَةٌ سَلْمٰى

عائِشَةُ اَلْجَوُّ مَرْيَمُ سَقَر

كِتابِىْ سَوْدَاءُ عَرْجاءُ اَعْرَجُ

غَنِىٌّ اَلْحَدِيقَةُ كُرَّاسَةٌ مَرْفُوعَةٌ

التِّلْمِيْذَةُ ظَبْىٌ اَلْكُتُبُ الرِّجَالُ

نِسْوَةٌ اَلْمُعَلِّمَاتُ اُولُوالْاَلْبَابِ الْخَطَّائُونَ

جَاهِلِيْنَ صَادِقِيْنَ اَلْمُؤْمِنَاتُ الْخُفَّيْنِ

شَاهِدَيْنِ بَنِىَّ ناجِحُونَ التُّجَّارُ

التُّفَّاحَتانِ اَلْمُسَافِرِيْنَ خائِبُونَ اَكْلُبٌ

ذُوعِلْمٍ سَاحِرانِ اَلْمُؤْمِنُونَ ثَوْبَانِ

الدُّرُوسُ قائِمَةٌ اَكَلَةٌ جَالِسَةٌ

اَلْبُسْتانُ التَّاجِرُ الصِّغارُ جَالِسُونَ

ذا شَرَفٍ اِثْنَتَانِ حَمُوكِ اَخُونا

ذِى الذِّكْرِ عِشْرُونَ

# فعل مضارع کے اعراب کی تمرین

۱-مندرجہ ذیل الفاظ میں مضارع مفرد صحیح، مضارع مفرد ناقص الفی، مضارع مفرد ناقص واوی و یائی اور مضارع متصل بہ نون اعرابی کی پہچان کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| یَشۡتَرُونَ | تَقُوۡلُونَ | اَنۡ یَسۡعیٰ | لَمۡ تَعۡفُوا |
| لَمَّا یَدۡخُلُوا | اِن تَتُوۡبُوۡا | لَنۡ تَدۡخُلُوا | یَخۡشیٰ |
| لِیَسۡتَجِیۡبُوا | لاتَعۡثَوۡا | یَنۡظُرُوۡنَ | لَمۡ یُنۡفِقُوا |
| تَجۡرِیۡ | نَبۡلُوۡ | تَهۡتَدُوۡنَ | یَتۡلُوۡا |
| حَتّٰی یَقُوۡلَا | لاتَکۡفُرۡ | اَنۡ یَّکۡفُرُوۡا | یَهۡدِیۡ |
| لِیَحۡکُمۡ | لِیَقُوۡلُوۡا | تَرۡضَوۡنَ | یَکۡفِیۡ |
| لاتَلۡبِسُوۡا | تُبۡدُوۡنَ | حَتّٰی یُرَدُّوۡا | یَسۡتَبۡشِرُوۡنَ |
| یُسَارِعُوۡنَ | لَنۡ اُکَلِّمَ | اَلَمۡ تَرَ | یَشَاءُ |
| لَمۡ یَجۡعَلۡ | لا تُلۡهِیۡ | لَمۡ یَنَالُوۡا | |

۲-مندرجہ ذیل آیات میں مضارع مفرد صحیح، مضارع مفرد ناقص الفی، مضارع مفرد ناقص واوی و یائی اور مضارع متصل بہ نون اعرابی کی پہچان کریں، نیز یہ واضح کریں کہ فعل مضارع کی اعرابی حالت کونسی ہے؟

| | |
|---|---|
| ﴿وَاَنۡ تَصُوۡمُوۡا خَیۡرٌ لَّکُمۡ﴾ | ﴿لَنۡ تَرۡضیٰ عَنۡكَ الۡیَهُوۡدُ﴾ |
| ﴿تَنۡسَوۡنَ اَنۡفُسَکُمۡ﴾ | ﴿وَلۡیُوۡفُوا نُذُوۡرَهُمۡ﴾ |
| ﴿وَلَمۡ یَخۡشَ اِلَّا اللّٰهَ﴾ | ﴿اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ فَعَلَ رَبُّكَ﴾ |
| ﴿لَمَّا یَدۡخُلِ الۡاِیۡمَانُ فِیۡ قُلُوۡبِکُمۡ﴾ | ﴿تَتۡلُوۡنَ الۡکِتَابَ﴾ |
| ﴿اِنَّ اللّٰهَ لَایَسۡتَحۡیٖۤ اَنۡ یَّضۡرِبَ مَثَلًا﴾ | ﴿فِیۡهِمَا عَیۡنَانِ تَجۡرِیَانِ﴾ |
| ﴿اَوَلَمۡ یَرَوۡا اَنَّا جَعَلۡنَا حَرَمًا اٰمِنًا﴾ | ﴿یَهۡدِیۡ مَنۡ یَشَاءُ اِلیٰ صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ﴾ |

﴿وَلَا تَحۡلِقُوۡا رُءُوۡسَکُمۡ حَتّٰی یَبۡلُغَ الۡهَدۡیُ مَحِلَّهٗ﴾

# اسم مبنی کی تمرین (۱)

مندرجہ ذیل جملوں میں ضمیر کی قسمیں واضح کریں۔

اِذْهَبْ اَنْتَ وأَخُوكَ بِآيَاتِي
هُمْ مُعَلِّمُوْنَ

لَكُمْ دِيْنُكُم ولِيَ دِيْنِ
اَنْتُمْ صَالِحُونَ

أَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْراً أَبَابِيْلَ
نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ

لَنَا مَوْلىٰ ولامَوْلىٰ لَكُمْ
وَنُثْنِيْ عَلَيْكَ الْخَيْرَ

ولَقَدْعَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا
لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ

وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِأَمْرِنَا
اِنَّنِيْ اَنَا اللّٰه

أَغْرَقْنَاهُمْ اَجْمَعِيْنَ
اَنَّكُمْ أَنْتُمُ الظَّالِمُوْنَ

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وايَّاكَ نَسْتَعِيْنَ
أأَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِآلِهَتِنَا

وعَلَّمْنَاهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ
فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمانَ

أَنْتُمْ لَهَا وَارِدُوْنَ
وكُلٌّ فِيْهَا خَالِدُوْنَ

وهُمْ فِيْهَا لايَسْمَعُوْنَ
اُولٰئِكَ عَنْهَامُبْعَدُوْنَ

اِنَّهُمْ مِنَ الصَّالِحِيْنَ
فَذٰلِكُنَّ الَّذِىْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ

هٰذَايَوْمُكُمُ الَّذِىْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ
خَلَقَكُمْ مِنْ تُرَابٍ

رَفَعْنَالَكَ ذِكْرَكَ
ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الأَرْضُ

لاتَقْرَبَاهٰذِهِ الشَّجَرَةَ
لِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ

مَا اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا

# اسم مبنی کی تمرین (۲)

**مندرجہ ذیل جملوں میں اسم اشارہ، اسم موصول، اسم فعل، مرکب بنائی اور اسم کنایہ کی پہچان کریں۔**

هٰذَاذِكْرٌمُبَارَكٌ أَنزَلْنَاهُ. — نَزَالِ اِلیٰ مِیدانِ الْجِهَادِ.

قُلْتُ لَهُمْ ذَيْتَ وذَيْتَ. — تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْخَلَتْ.

هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْافِى رَبِّهِمْ. — كَمْ طالباً رَسَبَ؟.

حَضَرَ كَذاكَذاطالِباً. — سَلَّمْتُ عَلى كَذامُعَلِّماً.

اِنِّى أُرِيْدُأَنْ أُنكِحَكَ اِحْدَى ابْنَتَىَّ هٰتَيْنِ. — ذٰلِكَ الْكِتَابُ لارَيْبَ فِيْهِ.

شَتَّانَ الذَّكِىُّ وَالْغَبِىُّ فِى الْفَهْمِ. — أُولٰئِكَ هُمُ الْكافِرُونَ.

كَمْ كِتاباً قَرَأْتَ؟. — بِكَمْ رُوبِيَّةً تَصَدَّقْتَ؟.

وَالْقَائِلِيْنَ لِاخْوانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنا. — كَمْ رَجُلاًزُرْتَ؟

ضَرَبْتُ الْمُجْرِمَ كذاضَرْبةً. — اِلَيْكَ عَنِّى.

قَالَ لَهُمْ كَيتَ وكَيتَ. — بِكَمْ رُوبِيَّةً هذا؟.

كَمْ يوماً صُمْتَ؟. — اِلَيْكَ عَنِّى أَيُّهَاالْكَذَّابُ.

بِكَمْ رُوبِيَّةٍ اشْتَرَيْتَ هذا؟. — هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ

حَضَرَ كَذاطالِباً. — ذٰلكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰه.

فَذٰلِكُنَّ الَّذِىْ لُمْتُنَّنِىْ فيه. — ذٰلِكُمَا مِمَّاعَلَّمَنِىْ رَبِّىْ.

ومَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ. — هٰؤُلاءِ بَناتِىْ هُنَّ أَطْهَرُلَكُمْ.

وقالَ الَّذِىْ اٰمَنَ ياقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ . — هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَاتُوْعَدُوْنَ.

ومَاتُنفِقُوامِنْ شَيْئٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِه عَلِيمٌ. — فَمِنْهُم مَنْ يَّمْشِىْ عَلىٰ بَطْنِه

# اسم مبنی کی تمرین (۳)

مندرجہ ذیل جملوں میں ظروف مبنیہ، اسماء استفہام اور اسماء شرط کی پہچان کریں۔

| | |
|---|---|
| كَيفَمَاتَجلِس أَجلِس. | لَم أَفعَلُ ذٰلِكَ قطُّ. |
| مَانِمتُ مُنذُطَلَعَ الفَجرُ. | مِنْ أَيْنَ لَكِ هٰذا؟. |
| ماوصَلَ أَخُوكَ اِلَى الآنَ. | بَدَأْتُ مِنْ حَيثُ انتَهىٰ زيدٌ. |
| وَ لَدَينا كِتابٌ يَنطِقُ بِالْحَقِ. | حَضَرْنامُذْسافرَعَلِيٌّ. |
| فَأَلْقَاهَافَاِذاهِيَ حَيَّةٌ تَسعىٰ. | حَضَرْتُ الآنَ . |
| فَأَيْنماتُولُّوافثَمَّ وَجهُ اللّه. | مَتىٰ تَأْتِيْناالسَّاعَةُ. |
| فَمَن يَّعمَلْ مِثقالَ ذَرَّةٍ خَيرًايَّرَهٗ. | مَهْمَاتَفعَلْ تُسئَلْ عنهٗ. |
| أيَّ عَمَلٍ تَعمَلْ تُحاسَبُ عليهِ. | مَارَأَيْتُكَ مُذيَومانِ. |
| حَيثُماتَذْهَبْ تَجِدْصَدِيقاً. | مَهْمَا تَعمَلْ يَعلَمْهُ اللّٰهُ. |
| اَينَ تَذْهَبْ اَذْهَبْ | مَتىٰ نَصرُاللّٰه. |
| لَنْ اَتَكاسَلَ عَوضُ. | أَيَّانَ مُرْسَاهَا. |
| كَيفَ حَالُكَ؟. | متٰى هٰذاالْوَعْدُ؟. |
| أَنّٰى تَذْهَبْ أَذْهَبْ. | أَيَّانَ يُبْعَثُونَ. |
| أيُّ طَالِبٍ يَضحَكُ أَضْرِبْهُ. | كَمْ كِتاباً قَرَأْتَ؟. |
| أَيَّانَ تُسَافِرُ؟. | أَينَ بَيْتُكَ؟. |
| مَنْ فَاطِمَةُ؟. | اِذْمَاتَضْرِب أَضْرِب. |
| مَاذَافَعَلْتَ؟. | أَيَّ كِتَابٍ قَرَأْتَ؟. |
| كَمْ مِيلًا سِرْتَ؟. | وَاذْكُرْرَبَّكَ اِذَانَسِيتَ. |
| أَيَّانَ تَزُرْنِي تَجِدْنِي. | |

# معرب ومبنی کی تمرین

ذیل کے جملوں میں مبنی اور معرب کی نشاندہی کریں، نیز مبنی میں مبنی کی اقسام بھی متعین کریں، خصوصاً ضمیر کی اقسام ضرور بتائیں۔

ولَقَدْعَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا. لَعَلَّهُمْ اِلَيهِ يَرْجِعُوْنَ.

وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِأَمْرِنَا. اِنَّنِیْ اَنَا اللّٰه.

أَغْرَقْنَاهُمْ اَجْمَعِيْنَ. اَنَّكُمْ أَنْتُمُ الظَّالِمُوْنَ.

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وِاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنَ. أَأَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِآلِهَتِنَا.

وعَلَّمْنَاهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ. فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمَانَ.

هٰذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوْافِی رَبِّهِمْ. كَمْ طالباً رَسَبَ؟.

حَضَرَكَذاكَذاطالباً. سَلَّمْتُ عَلیٰ كذامُعَلِّماً.

اِنِّیْ أُرِيْدُأَنْ أُنْكِحَكَ اِحْدَی ابْنَتَیَّ هٰتَيْنِ. ذٰلِكَ الْكِتَابُ لارَيْبَ فِيْهِ.

شَتَّانَ الذَّكِیُّ وَالْغَبِیُّ فِی الْفَهْمِ. أُولٰئِكَ هُمُ الْكَافِرُوْنَ.

كَمْ كِتاباً قَرَأتَ؟. بِكَمْ رُوبِيَّةً تَصَدَّقْتَ؟.

سَلْ عَنْ شَجَاعَته وزُرْهُ مُسالِماً كم رجلاًزُرْتَ؟

مَانِمْتُ مُنْذُطَلَعَ الْفَجْرُ. مِنْ أَيْنَ لَكَ هٰذا؟.

ماوصَلَ أَخُوكَ اِلَی الآنَ. بَدَأْتُ مِنْ حَيْثُ انْتَهیٰ زيدٌ.

وَ لَدَيْنا كِتَابٌ يَنْطِقُ بِالْحَقِ. حَضَرْنامُذْسَافَرَعَلِیٌّ.

فَأَلْقَاهَافاِذاهِیَ حَيَّةٌ تَسْعیٰ. حَضَرْتُ الآنَ.

# جملہ اسمیہ

ذیل میں جملہ اسمیہ کی چند کثیر الاستعمال صورتیں بمع تراکیب لکھی گئی ہیں، ان پر غور کر کے آنے والی تمرین حل کریں۔

**۱-مبتداء اور خبر دونوں مفرد ہوں**

مثال: اَلْحَجُّ فَرْضٌ (حج فرض ہے)

ترکیب: "اَلْحَجُّ" مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ، مبتدا

"فَرْضٌ" مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ، خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**۲-مبتدا مفرد ہو، خبر مرکب اضافی ہو**

مثال: اِبْراهِيْمُ خَلِيْلُ اللهِ۔ (ابراہیم علیہ السلام اللہ کے دوست ہیں)

ترکیب: "اِبْراهِيْم" غیر منصرف مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ، مبتدا۔

"خَلِيْل" مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ، مضاف۔

لفظ "الله" مفرد منصرف صحیح مجرور کسرہ لفظی کے ساتھ مضاف الیہ۔

مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

**۳-مبتدا مرکب اضافی ہو، خبر مفرد ہو**

مثال: مَسْجِدُ الْمَدْرَسَةِ جَمِيْلٌ۔ (مدرسہ کی مسجد خوب صورت ہے)

ترکیب: مَسْجِدٌ: مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ مضاف۔

اَلْمَدْرَسَة مفرد منصرف صحیح مجرور کسرہ لفظی کے ساتھ مضاف الیہ۔

مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء۔

جَمِيْلٌ: مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ، خبر۔

مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

### ۴-مبتدااور خبر دونوں مرکب اضافی ہوں

مثال: اَدَاءُ الزَّکٰوۃ بَرَکَۃُ الْمالِ۔ (زکوٰۃ کی ادائیگی مال کی برکت ہے)

ترکیب: اَدَاءُ : مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ مضاف۔

اَلزَّکٰوۃ : مفرد منصرف صحیح مجرور کسرہ لفظی کے ساتھ، مضاف الیہ۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتداء

بَرَکَۃ: مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ، مضاف

اَلْمَالُ: مفرد منصرف صحیح مجرور کسرہ لفظی کے ساتھ، مضاف الیہ۔

مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

### ۵-مبتدا مفرد ہو خبر مرکب توصیفی ہو

مثال: عَلِیٌّ تَاجِرٌ اَمِیْنٌ (علی امانت دار تاجر ہے)

ترکیب: عَلِیٌّ مفرد منصرف جاری مجری صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ مبتداء تَاجِرٌ مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ موصوف اَمِیْنٌ مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ صفت۔ موصوف صفت سے مل کر خبر۔ مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

### ۶-مبتدا مرکب توصیفی ہو خبر مفرد ہو

مثال: اَلطَّالِبُ الْمُجْتَهِدُ نَاجِحٌ: (محنتی طالب علم کامیاب ہے)

ترکیب: اَلطَّالِبُ مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ موصوف اَلْمُجْتَهِد مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ صفت۔ موصوف صفت سے مل کر مبتداء "نَاجِحٌ" مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ اسم فاعل، اس میں ھو ضمیر مرفوع متصل اس کا فاعل، اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر خبر ہوا مبتداء کے لیے، مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

# جملہ فعلیہ

ذیل میں جملہ فعلیہ کی مثالیں بمع تراکیب لکھی گئی ہیں، ان پر غور کرکے آنے والی تمرین حل کریں۔

**مثال ۱:** سَمِعَ الطَّالِبُ الاَذَانَ فِيْ الْفَصْلِ. (طالب علم نے درسگاہ میں اذان سنی)

ترکیب: سَمِعَ فعل ماضی۔ الطَّالِبُ مفرد منصرف صحیح مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ فاعل۔ الاَذَانَ مفرد منصرف صحیح منصوب فتحہ لفظی کے ساتھ مفعول بہ۔ فِيْ حرف جر اَلْفَصْلِ مفرد منصرف صحیح مجرور کسرہ لفظی کے ساتھ مجرور، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا سَمِعَ فعل کے ساتھ، سَمِعَ فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

**مثال ۲:** سَمِعَ اَبُوْ زَيْدٍ اَذَانَ خَالِدٍ فِيْ بَيْتِهٖ (زید کے والد نے خالد کی اذان اپنے گھر میں سنی)

ترکیب: سَمِعَ فعل ماضی اَبُوْ مضاف زَيْدٍ مضاف الیہ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل ہوا سَمِعَ فعل کے لیے اَذَانَ مضاف خَالِدٍ مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ ہوا سَمِعَ فعل کے لیے فِيْ حرف جر بَيْتِهٖ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور ہوا فِيْ حرف جر کے لیے، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا سَمِعَ فعل کے ساتھ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

**مثال ۳:** كَتَبَ الطَّالِبُ الذَّكِيُّ الدَّرْسَ السَّابِقَ فِيْ الْكُرَّاسَةِ الْجَدِيْدَةِ

(ذہین طالب علم نے گذشتہ سبق نئی کاپی میں لکھا)

ترکیب: كَتَبَ فعل ماضی الطَّالِبُ موصوف الذَّكِيُّ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر فاعل ہو فعل کے لیے اَلدَّرْسَ موصوف اَلسَّابِقَ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ ہوا فعل کے لیے فِيْ حرف جر اَلْكُرَّاسَةَ موصوف اَلْجَدِيْدَةَ صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور ہوا، جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ہوا فعل کے ساتھ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

# جملہ اسمیہ وفعلیہ کی تمرین

درج ذیل جملوں کا ترجمہ اور ترکیب کریں۔

اَللّٰہ اَکْبَرُ . مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰہ . الصَّوْمُ فَرْضٌ .
اَلْقِیَامَۃُ آتِیَۃٌ . اَلْجنَّۃُ حَقٌّ . اَنَاقَائِمٌ .
اَنْتُم جَاھِلُونَ . نَحْنُ عَالِمُوْنَ . ھُنَّ جَمِیْلاتٌ .
اَللّٰہ وَلِیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ . ھُمْ اُولُوْعقْلٍ . ھذَا قَلَمٌ .
اَلطُّھُوْرُ شَطْرُالاِیْمَانِ . اَللّٰہ وَلِیُّ الْمُتَّقِیْنَ . ھُوَعَبْدٌشَاکِرٌ .
زَیْدٌ أَخُو زَیْنَبَ . اَللّٰہُ خَیْرُالرَّازِقِیْنَ. مَکَّۃُ بَلْدَۃٌ طَیِّبَۃٌ .
ذٰلِکَ جَزَاءُ الظَّالِمِیْنَ . اَللّٰہ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ . ذَاکَ اَبُوْیُوْسُفَ .
حَجُّ الْبَیْتِ فَرْضٌ . بَیْتُ خَالِدٍ قَرِیْبٌ . اَلْجَمَاعَۃُ سُنَّۃٌ مُؤَکَّدَۃٌ .
خَلَقَ اللّٰہ الاِنْسَانَ . اَرْسَلَ اللّٰہ مُحَمَّداً . کَتَبَتُ التِّلْمِیْذَۃُ کُرَّاسَۃً
کَتَبْتُ بِالْقَلَمِ یُعَلِّمُ الْاُسْتَاذُ الطَّلَبَۃَ . تُصَلِّیْنَ الظُّھْرَ .
ضَمِنَ اللّٰہ رِزْقَ کُلِّ أَحَدٍ . نَزَلَ الْمَطَرُ مِنَ السَّمَاءِ . اِسْتَیْقِظْ قَبْلَ الْفَجْرِ .
اَلْمُسْلِمُوْنَ صَادِقُوْنَ . ھذَانِ سَاحِرَانِ . اَلْکُتُبُ مُفِیْدَۃٌ .
حَمْزَۃُ سَیِّدُالشُّھَدَاءِ . إمَاطَۃُ الأَذٰی صَدَقَۃٌ . ھذَا کِتَابُنَا.
فَاطِمَۃُ سَیِّدَۃُ النِّسَاءِ . اَلصَّلٰوۃُ عِمَادُ الدِّیْنِ . زَیْدٌ ذُوْعَقْلٍ .
اُعْبُدُوْارَبَّکُمْ . اَرْسَلْنَا اِلَیْھِمْ . لاتَقْتُلُوْا یُوْسُفَ .
اَنْزِلُوا النَّاسَ مَنَازِلَھُمْ . خَالِفُوا الْمُشْرِکِیْنَ . اِخْلَعْ نَعْلَیْکَ .
قَرَأَ سَعِیْدٌ الْکِتَابَ . یَفْھَمُ خَالِدٌ الْعَرَبِیَّۃَ . مَرَرْتُ بِزَیْدٍ
تَرْجِمِ الْجُمَلَ الاٰتِیَۃَ . لاتَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّیْطَانِ . اَطْعِمُوا الْجَائِعَ .
اِسْئَلُوا اَھْلَ الذِّکْرِ . مَاعَابَ رَسُوْلُ اللّٰہِ طَعَاماً . لاتَأْکُلِ الْحَرَامَ .

# اسمائے موصولہ کی تمرین

ذیل میں اسم موصول کی ایک مثال بمع ترکیب لکھی گئی ہے، اس میں غور کر کے آنے والی مثالوں کی ترکیب کریں، نیز ترجمہ بھی کریں۔

مثال: تَبَارَکَ الَّذِیْ نَزَّلَ الفُرْقانَ۔ (بابرکت ہے وہ ذات جس نے فرقان نازل کی)

ترکیب: تَبَارَکَ فعل اَلَّذِی اسم موصول نَزَّلَ فعل اس میں ھو ضمیر فاعل اَلْفُرْقان مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ ہوا الذی اسم موصول کے لیے، موصول صلہ سے مل کر فاعل ہوا تَبَارَکَ فعل کا۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

جَاءَ الَّذِیْ ضَرَبَ غُلَامَكَ .
اَعْلَمُ مَالَا تَعْلَمُوْنَ .

جَاءَ الَّذِیْ اَعْطَاكَ الْكِتَابَ .
لَا اَعْبُدُ مَاتَعْبُدُوْنَ .

فَرِحَ الَّذِیْ نَجَحَ فِیْ الْاِمْتِحَانِ .
